2021年6月2日ジャング紙ラーワルピンディー版10面

پاکستان میں تیار کردہ کورونا ویکسین ”پاک ویک“ متعارف کرادی گئی

ویکسین چینی ماہرین کے تعاون سے چین سے درآمد سائنو ویک کے خام مال سے تیار کی گئی‘ 1 لاکھ 80 ہزار خوراکیں تیار

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) پاکستان میں تیار کردہ کورونا ویکسین ”پاک ویک“ متعارف کرادی گئی۔ پاک ویک چین سے درآمد سائنو ویک کے خام مال سے چینی ماہرین کے تعاون سے تیار کی گئی ہے۔ قومی ادارہ صحت میں ویکسین کی لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی واصلاحات وخصوصی اقدامات اسد عمر نے کہا کہ این آئی ایچ کی کارکردگی پر قوم کو فخر ہے۔ قوموں کی ترقی میں پڑھے لکھے افراد کا کردار بہت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق تمام صوبوں کے ساتھ مل کر صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے 60 ارب روپے خرچ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ پاکستان میں کورونا کے حالات دوسرے ممالک سے کافی بہتر ہیں۔ این سی او سی نے صوبوں کے ساتھ مل کر بہت اہم کردار ادا کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ ہر مشکل میں سے آسانی نکلتی ہے‘ اس موجودہ مشکل میں سے آسانیوں کے راستے بڑے واضح نظر آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس موجودہ چیلنج میں ہمیں ہمارے دوست چین پاس ہی نظر آئے۔ انہوں نے کہا کہ خام مال سے ویکسین بننا اتنا سادہ مرحلہ نہیں ہے۔ یہ ایک اہم قدم ہے جس کے بعد ویکسین کی مکمل پیداوار چند سال تک پاکستان میں ہوگی۔ تقریب سے چینی سفیر نونگ رونگ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورونا ویکسین کی تیاری کے حوالے سے دونوں ممالک کی یہ مشترکہ کامیابی ہے۔ ہمارا تعاون نہ صرف پاکستان کی کورونا وائرس کے خلاف جنگ کے لئے ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی بیماری کا خاتمہ ہمارا مشن ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میجر جنرل عامر اکرام ایگزیکٹو ڈائریکٹر این آئی ایچ نے کہا کہ قوم نے اس وباء کو شکست دیکر ایک بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ انہوں نے کہا این آئی ایچ کی جانب سے پاکستان میں پہلی بار مینوفیکچرنگ پلانٹ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کین سائینو بائیو کا چین کے ساتھ ٹرائلز میں حصہ لیا۔ ہم نے کین سائینو بائیو کے ساتھ کلینکل ٹرائلز کے ساتھ ٹیکنالوجی کے ٹرانسفر کا معاہدہ بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ویکسین کے خام مال کی پیداوار کا بھی جلد ہی آغاز ہوگا۔ ہماری طرف سے 1 لاکھ 80 ہزار ڈوزز تیار ہوچکی ہیں۔